سُرخاب





# بصری اُردو

## حروفِ تہجی اور ذخیرہ الفاظ













بنیادِ اوّل

۴ سال کے لیے

SAMPLE

# آ





آنکھ



آم



آلوچہ



آگ

جن پھلوں کی شروع کی آواز 'آ' ہے اُن پر دائرہ لگایئے۔









کس سبزی سے چپس بنتے ہیں دائرہ لگائیں۔








مقاصد: ① آ کے ذخیرہ الفاظ کو یاد کرنا ② آ کی شروع کی آواز کا اظہار کرنا ③ آ کی شکل پہچاننا ④ آ کی لکھائی کرنا

SAMPLE

تاریخ ______________


# ا



جالا



باجا




کیلا



گھوڑا

رنگوں کے نام بتائیں اور اُن کی آخری آواز پہچانیں۔



جن تصاویر کی آخری آواز 'ا' ہے اُن پر دائرہ لگایئے۔



**مقاصد:** ① جن الفاظ کی آخری آواز ا ہے اُن کو یاد کرنا ② ا کی آخری آواز کا اظہار کرنا ③ ا کی شکل پہچاننا اور نام بتانا ④ ا کی لکھائی کرنا



SAMPLE

تاریخ ____________

# چ



چوہا



چولھا



چیکو



چابی

جن تصاویر کی شروع کی آواز 'چ' ہے ان پر دائرہ لگائیے۔









کونسا پرندہ اُلٹا لٹکتا ہے؟






SAMPLE

مقاصد: ① چ کے ذخیرہ الفاظ کو یاد کرنا ② چ کی شروع کی آواز کا اظہار کرنا ③ چ کی چھوٹی شکل پہچاننا ④ چ کی چھوٹی شکل لکھنا

تاریخ ____________

# چ



چونچ



بینچ



کانچ

چ کی چھوٹی شکل کو شروع کی آواز سے اور بڑی شکل کو آخر کی آواز سے ملایئے۔

| چ | چـ |
| --- | --- |













مقاصد: ① جن الفاظ کی آخر کی آواز چ ہے اُن کو یاد کرنا ② چ کی آخر کی آواز کا اظہار کرنا ③ چ کی بڑی شکل پہچاننا اور نام بتانا ④ چ کی بڑی شکل لکھنا ⑤ چ کی چھوٹی اور بڑی شکل کا فرق بتانا

SAMPLE

**تعارف اور طریقہ تدریس:** بصری اردو ابتدائی کا بنیادی مقصد حروف اور ان سے متعلقہ ذخیرہ الفاظ کا تعارف ہے۔ اس کتاب میں بچوں کو حروف کی شروع اور آخر کی آواز کا تعارف، حروف کی چھوٹی اور بڑی اشکال اور حروف کے نام کی پہچان کروائی گئی ہے۔

**حروف کی ترتیب:** بصری اردو بنیاد اوّل میں تدریس کی آسانی کے لیے حروف کو پڑھانے کی ترتیب میں معمولی ردوبدل کیا گیا ہے۔ اردو میں چار بنیادی مصوتے (Vowels) ہیں: ا، و، ی اور ے۔ مصوتوں کے بغیر الفاظ سازی نہیں ہوسکتی۔ اس لیے ضروری ہے کہ چند حروف پڑھانے کے بعد ایک مصوتہ پڑھایا جائے تاکہ الفاظ بنانا آسان ہوں۔ (بصری اردو کے ساتھ پڑھائی جانے والی کتاب صوتی اردو میں مصوتوں کے ذریعے سے الفاظ سازی کروائی گئی ہے)۔

ترتیب بدلنے کی پہلی وجہ مصوتے ہیں جبکہ دوسری وجہ ہم آواز اور مختلف اشکال کے حروف ہیں۔ جیسے ث جس کی آواز س سے ملتی ہے لیکن اردو میں یہ حرف بہت کم استعمال ہوتا ہے اس لیے ایسے حروف آخر میں پڑھائے گئے ہیں۔ اب تدریسی ترتیب کچھ یوں ہوگی۔

آ اب پ ت ٹ    ج چ ح خ    د ڈ ر ڑ ز    و    س ش ع غ    ی    ف ق ک گ    ل م ن ہ    ے    ث ذ ژ ص ض ط ظ

کتاب کے آخر میں بچوں کو اصل ترتیب سے ہی حروف تہجی یاد کرائی جاتی ہے۔

## چھوٹی شکل کو پڑھانے کا طریقہ کار

۱۔ کمرہ جماعت میں ہر حرف سے متعلقہ ذخیرہ الفاظ کی تصاویر کے پوسٹر لگائیں۔ کتاب کا صفحہ پڑھانے سے قبل اساتذہ کرام تصاویر کی مدد سے بچوں کو تصاویر کی شناخت کروائیں۔

۲۔ ذخیرہ الفاظ کے تعارف کیلئے سہ مرحلہ سبق کا طریقہ تدریس استعمال کیا جائے مثلاً اگر ب کے ذخیرہ الفاظ کو سہ مرحلہ سبق کے ذریعے پڑھانا ہے تو طریقہ کار کچھ یوں ہوگا۔

(i) تصویر پر ہاتھ رکھ کر بولیں: یہ ایک بندر ہے۔ بندر، بندر، بندر (صفحے پر موجود ہر لفظ کو اسی طرح پڑھائیں)

(ii) بچوں کو تصاویر پر متوجہ کرکے پوچھیں: ''بندر کہاں ہے؟'' (صحیح جواب آنے کے بعد صفحے پر موجود ہر تصویر پر یہ سوال پوچھیں)

(iii) اب آپ مختلف تصاویر پر انگلی رکھ کر بچوں سے سوال پوچھیں: ''یہ کیا ہے؟'' (صحیح جواب آنے کے بعد صفحے پر موجود ہر تصویر پر یہ سوال پوچھیں)

جب بچے درست جواب دیں تو ان کی حوصلہ افزائی کیلئے انہیں شاباش ضرور دیں۔ بچوں کو ذخیرہ الفاظ کے تعارف کے لیے فلیش کارڈ کی مدد لیجیے۔

۳۔ پھر ان تصاویر کی شروع کی آواز کا تعارف کروائیں جیسے بکری کی شروع کی آواز ''بہ'' ہے۔    بہ بکری    بہ بکری    بہ بکری

۴۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ نے ب دیکھا ہے۔ پھر بہ کی چھوٹی شکل کی طرف اشارہ کرکے بتائیں کہ یہ بہ ہے۔

۵۔ چھوٹی شکل کے حرف پر پینسل پھروائیں۔

۶۔ نیچے دو سرگرمیاں دی گئی ہیں۔ پہلی سرگرمی بچوں سے انفرادی طور پر کروائیں۔

۷۔ دوسری سرگرمی گروپ ڈسکشن کے طور پر کروائیں۔

## بڑی شکل کو پڑھانے کا طریقہ کار (آخر کی آواز کے طور پر)

بڑی شکل پڑھانے کے لیے چھوٹی شکل کے پہلے اور دوسرے نمبر کا طریقہ کار ایک جیسا رہے گا۔

۳۔ پھر ان تصاویر کی آخر کی آواز کا تعارف کروائیں جیسے کتاب کی آخر کی آواز ''ب'' ہے۔    کتاب ب،    کتاب ب،    کتاب ب،

۴۔ بچوں کو ب کی بڑی شکل کی طرف اشارہ کرکے بتائیں کہ اس کا نام ب ہے۔ اس کی آواز چھوٹے ب کی طرح ہے، صرف شکل میں فرق ہے۔

۵۔ بڑی شکل کے حرف پر پینسل پھروائیں۔

۶۔ سرگرمی کروائیں۔ چھوٹی شکل کا بڑی شکل سے اور شروع کی آواز کا آخر کی آواز سے فرق بتائیں۔

لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' اور الفاظ سازی کے لیے 'صوتی اردو' کی کتب اس کتاب کے ساتھ پڑھایئے۔

SAMPLE

سُرخاب

# بصری اُردو

بصری اردو کی کتب کا سلسلہ دو سے چھ سال کے بچوں کو مدّنظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔اس میں اردو کے حروف تہجی، ان سے بننے والے ذخیرہ الفاظ اور تصاویر کو بچوں کی جذباتی ،نفسیاتی اور تدریسی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر نہایت دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے۔اس کتاب کے ذریعے سے بچوں کو ہجے یاد کروانے کے بجائے تصاویر اور الفاظ بصری یادداشت (Sight Reading) کی مدد سے سکھائے جاتے ہیں۔کسی خاص چیز کو بار بار دیکھنے سے اس کا نقش یادداشت میں مستقل مقام حاصل کر لیتا ہے اور ایک بار مذکورہ چیز نظر آتے ہی اس کی پہچان ہو جاتی ہے۔اس مظہر کو بصری یادداشت (Sight Reading) کہتے ہیں۔بصری بصر سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی دیکھنا ہے۔

اس سلسلے کی پہلی کتاب بصری اردو ابتدائی ، دوسری بصری اردو بنیاد اوّل اور تیسری بصری اردو بنیاد دوم ہے۔ان کتابوں کو ختم کرنے کے بعد بچے ۴۰۰ الفاظ سیکھ لیتے ہیں اور سادہ جملے پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ان کتابوں کے ساتھ لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' اور الفاظ سازی کے لیے 'صوتی اردو' کی کتب پڑھائی جاتی ہیں۔

سُرخاب صوتی اُردو | سُرخاب قلمی اُردو | سُرخاب بصری اُردو

طفلی

SAMPLE